

# کاروباری
# طریقہ کار کا ضابطہ

Abbott



## محترم ساتھیوں،
## ایک کمپنی کے بطور ہمارا مقصد اتنا ہی سیدھا ہے جتنا یہ اہم ہے: ہم چیزوں کو بہتر ، سادہ اور آسان بنانے کے لئے یہاں موجود ہیں۔

ہم زندگی میں تبدیلی لانے والی صحت سے متعلق ایسی ٹیکنالوجیز تخلیق کرتے ہیں جو لوگوں کو بہتر اور بھر پور زندگی گزارنے میں مدد دیتی ہے۔ یہ کام کرنا ایک اعزاز کی بات ہے - اور اس کام کو اس طرح انجام دینے کی ضرورت ہے جو کہ اعلیٰ ترین اور انتہائی اخلاقی کاروباری طریقوں پر استوار ہو تاکہ ہمارے مقصد کا وقار قائم رہے ۔

ایسا کرنے میں ہم سب کی مدد کے لیے،Abbott کا کاروباری طرز عمل ایک مضبوط ضابطہ برقرار رکھتا ہے۔ ہمارا ضابطہ، ہماری اقدار اور ہمارے اصولوں کی وضاحت کرتا ہے ، تاکہ دنیا بھر میں Abbott سے منسلک ہر فرد ان توقعات اور تقاضوں کو سمجھ سکے جو انہیں Abbott کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کے بارے میں راہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

## Abbott کے لوگوں کی حیثیت سے، یہ ہم پر منحصر ہے کہ ہم اپنے آپ کو اعلیٰ ترین معیار پر برقرار رکھیں

اس ضابطہ کا بنیادی پیغام واضح ہے: Abbott کے لوگوں کی حیثیت سے، یہ ہم پر منحصر ہے کہ ہم اپنے آپ کو اعلیٰ ترین معیار پر برقرار رکھیں ، اپنے بہترین تصورات اور مثالوں کے مطابق کام کریں اور ہمیشہ اپنے کاروبار کو انتہائی حد تک دیانتداری سے انجام دیں۔ ہمارا ضابطہ ہماری مدد کے لئے ہے تاکہ ہم ایک تنظیم کے طور اپنے قیمتی ترین اثاثہ یعنی ہماری ساکھ کا تحفظ کرسکیں۔

ہمارے ضابطۂ اخلاق کو اپنی بھرپور توجہ دینےکا، اپنے اہم کاموں میں اور بہترین فیصلوں میں اس کو استعمال کرنے کا، اور Abbott کو ایک زبردست اور عمدہ ادارہ بنانے کے لئے، جو یہ پہلے سے ہے، شکریہ۔

نیک خواہشات کے ساتھ ،

رابرٹ بی فورڈ (Robert B. Ford)

چیف ایگزیکیوٹیو آفیسر

# فہرست مشمولات


1 ہمارے ضابطہ پر عمل

ایمانداری، انصاف پسندی اور دیانت داری

فیصلہ سازی

2 ہمارے گاہک

مریض اور صارفین

نگہداشت صحت کا پیشہ وارانہ فیصلہ

3 ہماری مصنوعات

مصنوع کا معیار

مصنوع کی تشہیر

4 سائنس کو ترقی دینا

جدت و اختراع

سائنس کو ترقی دینا

5 ہمارے لوگ

اشتراک

ایک دوسرے سے ہمارا ربط

تشویشات کی اطلاع دہی

مساوی موقع

منصفانہ برتاؤ

کام کی جگہ کا ماحول

6 ہماری کمیونیٹیز

کمیونیٹی کی شمولیت

سیاسی تعاون

ماحولیاتی ذمہ داری

7 ہمارا طریقہ کار

منصفانہ لین دین

مفادات کے تصادم سے گریز کرنا

Abbott کی املاک کی ساکھ کا تحفظ

رازدارانہ معلومات

انسداد رشوت

تحائف، کھانا اور تفریح

بہی کھاتوں کے درست ریکارڈز

قوانین کی تعمیل

منصفانہ مسابقت

اطلاق کی اہلیت

استثناء اور ترامیم

8 وسائل

فیصلہ سازی میں مدد

آواز اٹھائیں

دیگر اہم وسائل

# 1

# ہمارے ضابطہ پر عمل

ہماری کمپنی کا وعدہ اس وعدے میں مضمر ہے کہ ہمارا کام صحت اور زندگی سے متعلق ہے، اور ہم اپنے روزمرّہ کے عمل کے ذریعہ اپنا وعدہ پورا کرتے ہیں۔

اس سیکشن میں

ایمانداری، انصاف پسندی اور دیانت داری

فیصلہ سازی

## ایمانداری، انصاف پسندی اور دیانت داری

ادارے کی تمام سطحوں پر Abbott کے ہر ملازم کی – یہ ذمہ داری ہے کہ وہ Abbott کی اقدار (پیش روی، حصول، دیکھ بھال اور استقامت) کو قائم رکھے اور ایمانداری، انصاف پسندی اور دیانت داری کے ساتھ کام کرے۔ Abbott کی طویل مدتی کامیابی کا انحصار ان انتخابات پر ہے جو ہم ہر دن کرتے ہیں۔ یہ سمجھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اس ضابطے کا اطلاق ہمارے کام اور فیصلہ سازی پر کس طرح ہوتا ہے، ہم ہمہ وقت اس ضابطے کی مطابقت میں کام کریں، اور Abbott کی جانب سے کام کرنے والے دیگر لوگوں کے ذریعہ اس ضابطے کی تعمیل کو فروغ دیں۔ اس ضابطے کا بنیادی پیغام بالکل واضح ہے: Abbott کے ایک ملازم کی حیثیت سے، ہم میں سے ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ ہم خود اعلی ترین اخلاقی معیارات اختیار کرتے ہوئے اور ایمانداری، انصاف پسندی اور دیانت داری کے ساتھ کام کرتے ہوئے، اپنی کمپنی اور اپنے برانڈ کی سربلندی قائم رکھیں۔



---

ادارے کی تمام سطحوں پر Abbott کے ہر ملازم کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ Abbott کی اقدار کو قائم رکھے اور ایمانداری، انصاف پسندی اور دیانت داری کے ساتھ کام کرے۔

## فیصلہ سازی

Abbott ایک بین الاقوامی کمپنی ہے۔ ہم دنیا بھر کے 150 سے زیادہ ممالک میں کاروبار کرتے ہیں اور ہمارے ملازمین بہت سے متنوع ثقافت اور عقائد والے ممالک کے باشندے ہیں۔ ہمیں اپنے عمل اور فیصلہ سازی کے عالمی اثر کو ضرور تسلیم کرنا چاہئے اور اس بات کا ادراک کرنا چاہئے کہ Abbott بہت سے قوانین، ضوابط اور دیگر ان تقاضوں کے تحت ہے جو ان ممالک میں مختلف ہیں جہاں ہم کاروبار کرتے ہیں۔

ہم میں سے ہر ایک کو کبھی نہ کبھی ایسے حالات کا سامنا ہوتا ہو گا جہاں کسی نئی صورت حال کے بارے میں درست عمل کا تعین کرنا مشکل ہوتا ہے۔ ہم سب سے توقع کی جاتی ہے کہ ہم Abbott کے ان اصولوں کو سمجھیں جو اس ضابطہ اخلاق میں شامل ہیں اور Abbott کی ان پالیسیوں اور طریقہ کار کو سمجھیں جن کا اطلاق ہمارے کام پر ہوتا ہے۔ مشورہ اور رہنمائی کے لیے Abbott کے پاس بہت سے اضافی وسائل دستیاب ہیں، بشمول:

- رفقائے کار
- منیجرز اور سپروائزرز
- اخلاقیات اور تعمیل کا دفتر
- انسانی وسائل
- قانونی شعبہ

"آواز اٹھائیں" سیکشن میں سوالات پوچھنے اور تشویش کا اظہار کرنے کے لیے دستیاب مختلف ذرائع کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## فیصلہ سازی

یہ وسائل فیصلہ سازی کی رہنمائی میں مدد کر سکتے ہیں۔ فیصلہ سازی میں ہماری مدد (AID) اس وقت بھی مختلف مسائل سے نمٹنے میں مدد کے لیے دستیاب ہے جب بہترین ممکنہ راستہ واضح نہ ہو۔ یہ ٹول ان فیصلوں کے متبادلات اور ان کے اثرات پر غور کرنے کا ایک طریقہ فراہم کرتا ہے ہمیں جن کا سامنا اپنے کاموں میں ہو سکتا ہے ۔

اس کے علاوہ، اس ضابطہ اخلاق کے تقاضوں کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے مدد ہمیشہ دستیاب ہے۔ آپ کے مقامی اور علاقائی دفتر اخلاقیات اور تعمیل کے اہلکار کی عمومی امداد اور رابطہ کی معلومات او ای سی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے (abbott.sharepoint.com/sites/abbottworld/EthicsCompliance)۔

اگر آپ درست عمل کے بارے میں پُریقین نہیں ہیں تو فیصلہ سازی میں مدد والے سیکشن میں بیان کردہ اقدامات پر عمل کریں۔



ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے اقدامات اور فیصلہ سازی کے عالمی اثر کو تسلیم کریں۔

# 2

# ہمارے گاہک

ہم مریضوں، صارفین اور معاشرتوں کی صحت میں بہتری لاتے ہیں۔

اس سیکشن میں

مریض اور صارفین

نگہداشت صحت کا پیشہ وارانہ فیصلہ

مریض اور صارفین

## ہم مریضوں اور گاہکوں کی خیروعافیت و صحت کو فوقیت دیتے ہیں۔

ہم صحت مند زندگی گزارنے میں لوگوں کی مدد کرنے کا جذبہ رکھتے ہیں۔ ہر روز ہمارے پاس اپنے کام کے ذریعہ لوگوں کی زندگی بہتر بنانے اور صحت مند معاشرہ تخلیق کرنے کا موقع ہوتا ہے۔ لوگوں کی نگہداشت ہمارے کام کاج کی بنیاد ہے اور یہ ایک زبردست استحقاق اور ایک عظیم ذمہ داری دونوں ہے۔

مریضوں اور صارفین سے کیے ہمارے عہد کے بارے میں Abbott کی ہماری ویب سائٹ پر مزید جانیں۔

نگہداشت صحت کا پیشہ وارانہ فیصلہ

## ہم صحت کی نگہداشت کے ان پیشہ ور ماہرین کی مہارت کا احترام کرتے ہیں جو صحت مند زندگی اور صحت کی نگہداشت سے متعلق علاج کے انتخاب کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

صحت کی نگہداشت کے پیشہ واران جیسے کہ فزیشین، فارماسسٹ، نرس، محقق یا لیباریٹری اسٹاف، کو چاہیے کہ وہ اپنی تربیت اور مہارت کی بنیاد پر اپنے مریضوں کے لیے بہتر سے بہتر نگہداشت کا فیصلہ کرنے کی غرض سے اپنے آزادانہ فیصلے کا ضرور استعمال کریں۔ ہم عہد کرتے ہیں کہ صحت کی نگہداشت کے پیشہ ور افراد کو بروقت اور درست معلومات فراہم کریں گے تاکہ انہیں فیصلہ سازی میں اور اپنے مریضوں کو مشورے کی فراہمی میں مدد ملے۔ ہم صرف ایک حقیقی مشترکہ طریقے سے ہی صحت کے ساتھ تعاون سے متعلق اپنے مشن کے حصول میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔



# 3

# ہماری مصنوعات

ہم مسلسل اعلی معیار کی مصنوعات فراہم کر کے ہی Abbott کی مثبت ساکھ بنا سکتے ہیں۔

اس سیکشن میں


مصنوع کا معیار

مصنوع کی تشہیر

مصنوع کا معیار

# ہم محفوظ، مؤثر مصنوعات تیار کرتے ہیں اور لوگوں تک پہنچاتے ہیں جن پر لوگ بھروسہ کرتے ہیں۔

ہم اپنے پورے کاروبار میں اعلی ترین کوالٹی کی سطح برقرار رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ کوشش ضروری مواد کی فراہمی سے اور ہماری مصنوعات کی تیاری کے ساتھ شروع ہوتی ہے اور اس بات سے قائم رہتی ہے کہ ہم اپنی مصنوعات کو کس طرح بازار میں پیش کرتے ہیں، انہیں فروخت، اور ان کی رسد کرتے ہیں، اور یہ ہمارے کاروباری شرکائے کار کے ذریعہ قائم رہتی ہے – اس راستے کے ہر قدم پر اعلی معیار کی ترسیل ضروری ہے۔ ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں اس میں ہمیشہ اس بات کو ترجیح دیتے ہیں کہ ان لوگوں کی صحت اور سلامتی کے حوالے سے ہمارا وعدہ پختہ رہے جو ہماری مصنوعات استعمال کرتے ہیں۔

ہماری پروڈکٹس کے بارے میں Abbott کی ہماری ویب سائٹ پر مزید جانیں۔

## اگر کوئی مجھے کسی مصنوعہ کے معیار کے مسئلہ کے بارے میں بتائے تو میں کیا کروں؟

**Q اگر کوئی مجھے کسی مصنوعہ کے معیار کے مسئلہ کے بارے میں بتائے تو میں کیا کروں؟**

A اگر ہمیں کسی صارف پر پڑنے والے ناسازگار اثر کا پتہ چلے جو Abbott کی کسی مصنوعہ کے استعمال کے دوران واقع ہوا ہو تو ہمیں اس کی رپورٹ Abbott کے اندر مناسب افراد کو یا گروپ کو دینی چاہئے۔ ہمیں اپنی کسی بھی مصنوعات کے ساتھ ناموافق واقعات کی رپورٹ ڈویژن کارروائیوں کو درکار وقت کے اندر دینی چاہئے، اگرچہ ہمیں معلوم نہ ہو کہ مصنوعہ اور "واقعہ" کے درمیان کوئی وجوہاتی-اور-اثراتی تعلق ہے۔

## مصنوع کا معیار

ہم وقت پر مصنوعات کی سلامتی کے مسائل کی نشان دہی کرنے، تخمینہ لگانے اور ان کا ازالہ کرنے کے لیے عہد بستہ ہیں۔ ہم صحت کی نگہداشت کے پیشہ وروں اور اداروں کو ایسی معلومات فراہم کرتے ہیں جن کی انہیں Abbott کی مصنوعات کو احساسِ تحفظ کے ساتھ اور مؤثر طریقے سے استعمال کرنے میں ضرورت ہوتی ہے اور ہم سلامتی کے ممکنہ مسائل کی صورت میں انضباطی یا عوامی صحت کی ایجنسی کے ساتھ مواصلات کرتے ہیں۔

ہم اپنی مصنوعات کی جعل سازی، غیر قانونی ہیرا پھیری اور چوری کی روک تھام کے لیے کارروائی کرتے ہیں۔ ہم سبھی قابل اطلاق تجارتی ضوابط کی پابندی کرتے ہیں، جیسے کہ غیر ملکی پالیسی اور ملکی سیکیوریٹی کی وجوہات کے تحت حکومتوں کے ذریعہ جاری کردہ درآمد اور برآمد کنٹرولز۔ تجارتی ضوابط میں شامل ہیں کچھ مخصوص مصنوعات کی برآمد پر پابندیاں اور حد بندیاں اور کچھ مخصوص افراد، گروپوں یا اداروں کے ساتھ کاروبار کی انجام دہی کی ممانعت۔

ہمارے معیاری طریقہ ہائے کار کے بارے میں Abbott کے معیاری اور انضباطی پالیسی پورٹل پر مزید جانیں۔

## مصنوع کی تشہیر

### ہم ایمانداری اور دیانت داری کے ساتھ اپنی مصنوعات کو فروغ دیتے ہیں اور فروخت کرتے ہیں۔

سبھی میٹیریل اور مواصلات سے متعلق ہماری مصنوعات کے بارے میں ہمارے بیانات متوازن ہوں گے اور سچائی پر مبنی ہوں گے اور منظور شدہ لیبل کے مطابق ہوں گے۔ ان ممالک میں جہاں ہم کاروبار کرتے ہیں اپنی مصنوعات کے فروغ میں ہم ایسی معلومات فراہم کرتے ہیں جو سائنسی ثبوت، نمایاں طبی عمل اور منظور شدہ پروڈکٹ لیبلنگ کے تقاضوں کے مطابق ہوں۔

ریاستہائے متحدہ (United States, U.S.) فوڈ، ڈرگ اور کاسمیٹک ایکٹ کے بارے میں fda.gov پر مزید جانیں



مصنوع کا معیار

# ہم ان مقاصد کے لیے اپنی مصنوعات کو فروغ دیتے ہیں جن کے لیے وہ تیار کی گئی ہیں اور انہیں منظوری ملی ہے۔



Abbott کی سرگرمیاں ان انضباطی لائسنسوں اور منظوریوں کے مطابق ہوتی ہیں جو کیمیکلز، طبی آلات اور دیگر مصنوعات کے فروغ اور فروخت کے لیے ہمیں وزرات صحت یا فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹیز جیسی سرکاری ایجنسیوں سے حاصل ہوتی ہیں۔ ہم ہر ملک کے ان قوانین اور ضوابط کی تعمیل کرتے ہیں جو اس بات کی نگرانی کرتے ہیں کہ کیسے، کہاں اور کب ہمیں اپنی مصنوعات کو مشتہر کرنے کی اجازت ہے جیسے کہ یو ایس فیڈریل فوڈ، ڈرگ اور کاسمیٹک ایکٹ وغیرہ۔ ہم ان داخلی پالیسیوں اور طریقہ کار کو برقرار رکھتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں جو ان تقاضوں اور سرکاری صحت کی نگہداشت پروگرام کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔

## مصنوع کی تشہیر کے بارے میں ABBOTT کی پالیسی کیا ہے؟

**Q مصنوع کی تشہیر سے متعلق Abbott کی پالیسیاں اور کارروائیاں کیا تقاضہ کرتی ہیں؟**

A مصنوع کی تشہیر سے متعلق اہم اور آفاقی اصولوں میں سے ایک یہ ہے کہ ہم کسی ایسے مصنوع کی تشہیر یا اسے پہلے ہی سے فروخت نہیں کر سکتے ہیں جس کو ابھی تک اس متعلقہ مقام یا استعمال کے لیے متعلقہ انضباطی حکام کی منظوری اور اجازت نہ ملی ہو۔ اگر نگہداشت صحت کا کوئی پیشہ ور Abbott کی ان مصنوعات کے استعمال کے بارے میں سوال پوچھے جو منظور شدہ مقصد کے لیے استعمال کے دائرے سے باہر ہے (بعض اوقات اسے "آف لیبل (غیر منظور شدہ مقاصد کے لیے استعمال)" استعمال کہا جاتا ہے)، تو ایسے استفسارات کو اپنے محکمے کے مقررہ منصب کے پاس بھیجنا چاہئے، جس کا تعلق عام طور پر طبی امور سے ہو۔

# 4

# سائنس کو ترقی دینا

ایک صحت مند مستقبل کی کوشش میں ہم سائنس، ٹیکنالوجی، اور مصنوعہ کی جدّت طرازی کو فروغ دیتے ہیں۔

اس سیکشن میں
جدت و اختراع
سائنس کو ترقی دینا

جدت و اختراع

# دنیا بھر میں صحت کی دیکھ بھال کو بہتر بنانے کے لیے ہم صحت کی نگہداشت کے وسائل اور مصنوعات کی تجدید کرتے ہیں اور انہیں فروغ دیتے ہیں۔

ہم جدید علاج اور مصنوعات، زندگی بچانے والے طبی آلات اور صحت کے انتظام کے نئے طریقوں میں پیش قدمی کرکے انسانی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ صحت میں بہتری پیدا کرنے کے لیے، ہم اہم ترین سائنس، ٹیکنالوجی اور مصنوعات کی جدّت طرازی کو فروغ دیتے ہیں۔ اچھی صحت ہمارے گاہکوں کی صلاحیتوں کو مفید ترین بنانے کا اہم ذریعہ ہے۔ ہم 'مریض' اور 'صارفین' کی پوری زندگی میں حصول صحت کی حمایت کرتے ہیں اور اس کے لیے ایسی جدید مصنوعات فراہم کرتے ہیں جو صحت مند ترین اور مکمل زندگی جینے میں لوگوں کی مدد کے لیے تیار کی جاتی ہیں۔ ہم مصنوعات کی جدت طرازی پر توجہ دیتے ہیں جو زندگی میں اچھی تبدیلی پیدا کرتی ہے۔

اگر آپ درست عمل کے بارے میں پُریقین نہیں ہیں تو فیصلہ سازی میں مدد والے سیکشن میں بیان کردہ اقدامات پر عمل کریں۔

## ہم جدت کی ثقافت کو فروغ دیتے ہیں، نئے امکانات تلاش کرتے ہیں اور ناگہانی حالات کے لیے منصوبہ تیار کرتے ہیں۔

جدّت طرازی اور نئے امکانات سے متعلق ہماری انتھک کوشش اپنے ساتھ خطرہ بھی لاتی ہے۔ چونکہ ہم ان نپے تلے خطرات کا سامنا کرتے ہیں جو اس ضابطہ اخلاق اور پالیسیوں کے مطابق ہوتے ہیں، اس لیے ہمیشہ ہمیں ممکنہ نتائج پر غور کرتے ہوئے پیشگی طور پر خطرات کو کم کرنے اور اس کے مطابق منصوبہ بنانے کی کوشش کرنی چاہیے۔



سائنس کو ترقی دینا

# ہم غیر جانبدار، درست ڈیٹا کے حصول اور فراہمی کے لیے تحقیق انجام دیتے ہیں جس سے سائنس کو ترقی ملے گی۔

اپنی مصنوعات سے متعلق سائنس کو بہتر سے بہتر بنانے کے لیے ہم تحقیق انجام دیتے ہیں: نئی مصنوعات تیار کرنے کے لیے، موجودہ علاج کو بہتر بنانے کے لیے اور صحت کی نگہداشت کو اعلی ترین بنانے کے لیے۔

جب ہم تحقیق انجام دیتے ہیں تو ہم مطالعاتی شرکت کنندگان کے ساتھ عزت و احترام کا برتاؤ کرنے اور غیر ضروری خطرہ سے ان کی حفاظت کرنے کے پابند ہوتے ہیں۔ ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ تحقیق میں شرکت کرنے والے مریض تحقیق اور اس سے وابستہ خطرات کی نوعیت اور مقصد کو سمجھیں۔ مطالعہ کے شرکت کنندگان سے باخبر رضامندی کا حصول ہمارے تحقیقی عمل کا ایک لازمی حصہ ہوتا ہے۔

ہم سائنسی تحقیق میں شفافیت کی قدر کرتے ہیں، اوراس لیے ہم طبی محقق یا دیگر محققین کے ذریعہ تیار کردہ کسی تحقیق یا رپورٹ کے نتیجے کو نامناسب طریقے سے متاثر کرنے کی کوشش نہیں کریں گے۔ ہم اس بات کو یقینی بنانےکی اہمیت کو سمجھتے ہیں کہ مطالعات سے حاصل کردہ ڈیٹا اور اس سے متعلق تجزیات بالکل درست ہوں۔ ہم بروقت اور درست طریقے سے مصنوعات سے وابستہ تحقیق کے نتائج فراہم کرنے کے پابند ہیں، چاہے نتائج مثبت ہوں یا منفی ہوں۔

جب Abbott کے لیے تحقیق کی جاتی ہے یا ہماری جانب سے تحقیق شائع کی جاتی ہے تو ہم مستحکم طبی اور سائنسی پس منظر والے شرکائے کار کا انتخاب کرتے ہیں۔ ہم نے ان شرکائے کار کے لیے اعلی معیار مقرر کیے ہیں، جیسے کہ محققوں سے یہ توقع کرنا کہ وہ Abbott سے اپنے ربط کا افشا مناسب طریقے سے کریں۔ تحقیق اور ترقیاتی کام سے متعلق جب ہم دیگر سائنسدانوں یا تجزیہ کاروں کے ساتھ شراکت داری کرتے ہیں تو ہم مالی یا دیگر رشتوں کے مکمل اور درست افشا کے پابند ہوتے ہیں۔

جب ہم تحقیق انجام دیتے ہیں تو ہم مطالعاتی شرکت کنندگان کے ساتھ عزت و احترام کا برتاؤ کرنے اور غیر ضروری خطرہ سے ان کی حفاظت کرنے کے پابند ہوتے ہیں۔



# 5

# ہمارے لوگ

## ہم کے ایک ذریعہ کے بطور اپنے متنوع نقطۂ نظر کی قدر کرتے ہیں۔

اس سیکشن میں


اشتراک

ایک دوسرے سے ہمارا ربط

تشویشات کی اطلاع دہی

مساوی موقع

منصفانہ برتاؤ

کام کی جگہ کا ماحول

اشتراک

## ہم کھلے پن کی ثقافت کو فروغ دیتے ہیں، یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ افکار اور اشتراک کا تنوع جدّت طرازی تخلیق کرتا ہے۔



ہم تنوع کا خیرمقدم کرتے ہیں کیونکہ ہماری رائے ہے کہ اس سے تخلیقی صلاحیت، جدّت طرازی اور توانائی پیدا ہوتی ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ اثر پیدا کرنے کے لیے اور وسیع پیمانے پر صحت کی بدلتی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے، ایک مسلسل کوشش اور اجتماعی طریقہ کار، ہمارے ساتھیوں کی رائے سننے اور اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہوتی ہے کہ سب کی بات سنی جائے۔

ایک دوسرے سے ہمارا ربط

ہر روز اپنی اقدار کو قائم رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اخلاقی برتاؤ کا اظہار اور حمایت کرکے، ہم Abbott کی ثقافت پر مثبت اثر ڈالتے ہیں۔ یہ سمجھنا ہم سبھی کی ذمہ داری ہے کہ اس ضابطہ اخلاق کا اطلاق ہمارے کام پر اور اس فرض منصبی پر کیسے ہوتا ہے جسے ہم اپنی کمپنی میں ادا کرتے ہیں۔

منیجرز اور سپروائزرز، جو ادارے کے قائدین میں سے ہیں، انہیں چاہیے کہ ہماری اقدار کے حوالے سے ایک مستحکم عہد کا اظہار کریں اور خود کو ایک مثالی قائد بنائیں۔ انہیں ہمیشہ چاہیے کہ وہ ملازمین کے ذریعہ اخلاقی برتاؤ کو فروغ دیں اور اس کی حمایت کریں۔ منیجرز کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ ان کی مدد سے ملازمین اس ضابطہ اخلاق کی تعمیل سے متعلق اپنی ذمہ داری کو سمجھیں اور کام کے ایک ایسے ماحول کو فروغ دیں جہاں ملازمین کو سوالات پوچھنے میں اور انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر اپنی تشویش کا اظہار کرنے میں کوئی دشواری محسوس نہ ہو۔

**ہر روز اپنی اقدار کو قائم رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔**

تشویشات کی اطلاع دہی

# جب بھی ہمارے کام سے متعلق ہمارے انتخابات اور عمل واضح نہ ہو یا ہمیں درست نہ لگے تو ہم سوالات پوچھتے ہیں اور اس ضابطہ اخلاق کی کسی بھی خلاف ورزی پر آواز اٹھاتے ہیں اور اس کی رپورٹ کرتے ہیں۔

یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ جب بھی ہمیں لگے کہ ہماری سمت واضح نہیں ہے، تو ہم سوالات پوچھیں اور کاروبار کے کسی بھی مشکوک غیر اخلاقی طریقہ کار، اس ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی یا ہماری پالیسی یا طریقہ کار کی خلاف ورزی کو چیلینج کریں اور اس کی رپورٹ کریں۔

سوالات پوچھنے، مسائل کی اطلاع دینے اور فعال طریقے سے ہمارے انتخابات کے بارے میں وضاحت حاصل کرنے سے یا کارروائیوں سے مسائل کی پہچان میں مدد ملتی ہے اور مسائل سے بچ کر زیادہ مؤثر طریقے سے کام کیا جا سکتا ہے۔ جب درست انتخاب، کارروائی یا ممکنہ خلاف ورزی سے متعلق شک ہو تو کسی منیجر یا اخلاقیات اور تعمیل کے دفتر سے وضاحت طلب کریں۔

مثالی قیادت بننا اور اس بات کو یقینی بنانا منیجروں اور سپروائزروں کی اولین ذمہ داری ہے کہ ملازمین ضابطہ اخلاق کو سمجھیں اور اس کے حوالے سے جواب دہ ہوں۔ جن کے ہاتھ میں قیادت ہے ان کی بڑی ذمہ داری اس بات کی ہے کہ وہ Abbott کی توقعات کو سمجھیں اور اس کو عام کریں، اور انہیں ضابطہ اخلاق کی ممکنہ خلاف ورزی سے متعلق اخلاقیات اور تعمیل کے دفتر سے رابطہ کرنا چاہیے۔

ضابطہ اخلاق کی ممکنہ خلاف ورزی کی سبھی رپورٹوں کو سنجیدگی سے لیا جائے گا اور فالو اپ اقدامات جیسے کہ تحقیقات، معلومات کی فراہمی کے ذریعہ مناسب طریقہ سے ان کو نمٹایا جائے گا، اور اگر ضرورت ہو تو مسائل کا ازالہ کرنے کے لیے اصلاحی کارروائیاں کی جائیں گی، غلطیوں سے سبق حاصل کیا جائے گا اور اس کو دہرانے سے بچا جائے گا۔ اخلاقیات اور تعمیل کا دفتر ضابطہ اخلاق کی مبینہ خلاف ورزیوں کی کسی بھی تحقیقات کی رہنمائی کرے گا۔ آپ کو آزادانہ طور پر کوئی بھی تحقیقات نہیں کرنی چاہیے۔ ہم میں سے ہر ایک کو اس میں مدد کرنے کی ضرورت ہے اور ایسی کسی بھی تحقیقات کی رازداری کو برقرار رکھنے کی ضرورت ہے۔

## مجھے کسی تشویش کی رپورٹ کیوں کرنی چاہیے؟

**Q مجھے کسی تشویش کی رپورٹ کیوں کرنی چاہیے؟**

A ہر روز  اپنی اقدار کو قائم رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اس میں شامل ہے کہ جب ہمیں یہ معلوم نہ ہو کہ کیا کرنا ہے تو صاف گوئی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سوالات پوچھنا اور اپنی کاروباری سرگرمیوں سے متعلق مسائل کی اطلاع دینا۔ ضابطہ اخلاق کی عدم تعمیل سے متعلق تشویش اٹھانے سے ہمارے کاروبار کے سبھی عناصر میں اخلاقیات کا مظاہرہ کرنے اور ضابطے کی تعمیل کی ثقافت فروغ دینے کے حوالے سے ہمارا عہد برقرار رہتا ہے۔ آپ کی کاروائیاں اثر پیدا کر سکتی ہیں۔

## تشویشات کی اطلاع دہی

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی سے متعلق اصلاحی کارروائیوں میں شامل ہیں مندرجہ ذیل کے سبب تادیبی کارروائی (برطرفی تک اور بشمول)، یا قانونی کارروائی:

کسی خلاف ورزی کی اجازت دینا یا اس میں شرکت کرنا؛

کسی مبینہ خلاف ورزی کی تحقیقات میں تعاون سے انکارکرنا؛

خلاف ورزی کرنے والے کے سپروائزرز (سپروائزروں) کی طرف سے کسی خلاف ورزی کا پتہ لگانے اور رپورٹ کرنے میں ناکامی، اگر یہ ناکامی نامناسب نگرانی یا نگرانی کے فقدان کی عکاسی کرتی ہو؛

کسی مسئلے کی اطلاع یہ جانتے ہوئے دینا کہ یہ جھوٹی اطلاع ہے، یا اس کا مقصد Abbott کے کاروبار سے وابستہ کسی فرد کو دھمکانا یا انتقامی کارروائی کرنا ہو؛

انتقامی کارروائی، جیسے کہ کسی ایسے فرد کو دھمکی دینا، ہراساں کرنا یا تکلیف پہنچانا جس نے نیک نیتی سے کسی خلاف ورزی یا ممکنہ خلاف ورزی کی اطلاع دی ہو۔

اخلاقیات اور تعمیل کے دفتر سے متعلق پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار کے بارے میں iComply پر مزید جانیں۔



## تشویشات کی اطلاع دہی

کسی ایسے فرد کے خلاف انتقامی کارروائی کرنا ہرگز قابل قبول نہیں ہے جو اس بارے میں تشویش کا اظہار کرتا ہو کہ کاروباری سرگرمیاں ضابطہ اخلاق کے مطابق ہیں یا نہیں۔ مبینہ انتقامی کارروائی کی اطلاع اخلاقیات اور تعمیل کے دفتر اور انسانی وسائل (ایچ آر) کو دی جانی چاہیے۔

ہم جو کام کرتے ہیں اس کے حوالے سے ہماری عہدبستگی ہمیں نہ صرف ان قوانین کی پابندی کی ترغیب دیتی ہے جن کا اطلاق ہمارے کام پر ہوتا ہے، بلکہ اس بات کی بھی ترغیب دیتی ہے کہ ہم ان اخلاقی توقعات سے باخبر رہیں جو کاروبار میں ہم جیسے قائد پر عائد ہوتی ہیں۔

"آواز اٹھائیں" سیکشن میں سوالات پوچھنے اور تشویش کا اظہار کرنے کے لیے دستیاب مختلف ذرائع کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## اگر مجھے انتقامی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے تو میں کیا کروں؟

**Q اگر مجھے انتقامی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے تو میں کیا کروں؟**

A کمپنی کسی بھی ایسے فرد کے خلاف کسی انتقامی کارروائی سے سختی سے منع کرتی ہے جو کوئی تشویش ظاہر کرتا ہو۔ نیک نیتی سے کی گئی شکایات آپ کو کسی پابندیوں کے خطرے میں نہیں ڈالیں گی، اس سے قطع نظر کہ آیا ذیلی حقائق درست ثابت ہوں یا نہ ہوں۔ اگر آپ کو ایسا لگتا ہے کہ آپ کو کسی طرح کی انتقامی کارروائی کا سامنا کرنا پڑا ہے تو برائے مہربانی اس کی اطلاع دیں تا کہ کمپنی تحقیق کرسکے۔



مساوی موقع

## ہم سبھی ملازمین کو مساوی مواقع فراہم کرتے ہیں۔

ہم کاروبار کی ضروریات، تجربہ اور متعلقہ کام کی کارکردگی کی بنیاد پر ملازمت کے فیصلے لیتے ہیں۔ Abbott ذات، رنگ، مذہب، قبیلہ، عمر، جنس، ملکی نژاد، صنفی شناخت یا اظہار، صنفی رجحان، معذوری، ازدواجی حیثیت، تجربہ کاری اور فوجی حیثیت، موروثی یا شہری حیثٰیت یا قانونی طور پر محفوظ کسی دیگر حیثیت کی بنیاد پر امتیاز برتنے کی ممانعت کرتا ہے۔ ہم ان قوانین پر عمل کرنے کے پابند ہیں جو دنیا بھر میں ہمارے ملازمین کے ساتھ ہمارے تعلق پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

ہمارے تنوع اور شمولیت کے پروگرامز کے بارے میں Abbott کی ہماری ویب سائٹ پر مزید جانیں۔

منصفانہ برتاؤ

## ہم اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کرتے ہیں کہ Abbott میں کام کرنے والا ہر فرد خود کو پذیرائی یافتہ، حمایت یافتہ اور کامیابی کے لیے پرجوش محسوس کرے۔

Abbott دنیا بھر میں اپنے ملازمین کی صحت اور خیروعافیت کا خیال رکھتا ہے اور اس کے حوالے سے فکرمند رہتا ہے۔ Abbott میں کام کرنے والے ہر فرد کو چاہیے کہ وہ ایک ایسا پیشہ ورانہ ماحول پیدا کرے جو دھمکی اور ہراساں کیے جانے سے پاک ہو۔ Abbott اپنی جائے کار کی جامع اور متنوع فضا کو بہتر بنانے سے متعلق رائے دینے میں اپنے ملازمین کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ملازمت کا ایک ایسا ماحول فروغ دینے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے جہاں ملازمین خلل انگیز رویے سے پاک ہوں۔



منصفانہ برتاؤ

## ہم ہر کسی کے ساتھ عزت اور احترام کا برتاؤ کرتے ہیں۔

لوگوں کے حوالے سے ہمارے احترام کا اظہار اس بات سے ہوتا ہے کہ ہم ہر اس فرد کے تئیں کیا اور کیسے کرتے ہیں جس کا ہم اپنے کام کے دوران سامنا کرتے ہیں۔ ایک دوسرے کے حوالے اپنی عہدبستگی کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے اور دنیا بھر سے قابل افراد کو اپنی طرف متوجہ کرنے، ان کی صلاحیت کو بہتر بنانے اور انہیں برقرار رکھنے کے لیے کام کا ایک ایسا ماحول ہونا ضروری ہے جو باہمی اعتماد، احترام اور اس ضابطہ اخلاق میں بیان کردہ دیگر اصولوں پر مبنی ہو۔ ہمیں دوسروں کے ساتھ مساوی برتاؤ کرنا چاہیے اور ہیرا پھیری، غلط بیانی یا فریب کاری کے ذریعہ دوسروں سے فائدہ نہیں اٹھانا چاہیے۔

اضافی معلومات کے لیے ہماری **جائے کار میں ہراسانی کی پالیسی** ملاحظہ کریں۔

کام کی جگہ کا ماحول

## ہم ملازمین کے لیے اور اپنے ساتھ کام کرنے والے دیگر افراد کے لیے جائے ملازمت کو محفوظ بنانے اور مناسب ماحول قائم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

حادثات اور غیر محفوظ حالات کی اطلاع فوراً انتظامیہ کو دینی چاہیے۔ ہم دنیا بھر میں اپنی کاروباری سرگرمیوں سے متعلق غیر قانونی اور مزدوری کی نامناسب شرائط اور غیر انسانی برتاؤ کی روک تھام اور ممانعت کے لیے بھی اقدام کرتے ہیں۔

ماحولیاتی صحت و سلامتی کے ہمارے پروگرام کے بارے میں ہمارے ماحول، صحت و سلامتی پورٹل پر مزید جانیں۔



# 6

# ہماری کمیونیٹیز

ہم Abbott میں ہر مقامی معاشرے اور دنیا کے ایک شہری کی حیثیت سے اعتماد قائم کرتے ہیں۔

اس سیکشن میں


کمیونیٹی کی شمولیت

سیاسی تعاون

ماحولیاتی ذمہ داری

کمیونٹی کی شمولیت

## ہم اپنی مصنوعات اور اپنے کام کے ذریعہ معاشرہ کی بہبود کو فروغ دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

جہاں ہم رہتے ہیں اور کام کرتے ہیں ان معاشرتوں سے تعاون کرنے کی ہماری ایک امتیازی تاریخ ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ اچھی صحت کے ساتھ معاشرتیں خوش حال ہو سکتی ہیں۔ اپنے ان اقدامات ، کاروباری تعلقات اور معاشرتی گروپ کی حمایت اور رفاہی سرگرمیوں کے ذریعہ جو ہم معاشرتوں اور اپنے پڑوسیوں کو جواب میں عطا کرتے ہیں۔ چھوٹی یا بڑی معاشرت میں جہاں بھی ہم کاروبار کرتے ہیں، Abbott لوگوں کی زندگیوں میں ایک مثبت اور دیرپا اثر پیدا کرتا ہے۔

ہمارے عالمی شہریت پروگرام کے بارے میں Abbott کی ہماری ویب سائٹ پر مزید جانیں۔

سیاسی تعاون

## ہم سیاسی عمل میں مناسب شمولیت کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور کمیونٹی کی شمولیت کی حمایت کرتے ہیں۔

Abbott اس عوامی پالیسی کی حمایت کے لیے کام کرتا ہے جو ہماری مہم اور اقدار کے مطابق ہے اور، جہاں مناسب ہو، سیاسی امیدواروں یا باہمی مفاد کے گروپوں کی حمایت کر سکتا ہے۔ کمپنیوں کے ذریعہ سیاسی تعاون سے وابستہ قوانین پیچیدہ ہیں، اس لیے یہ اہم ہے کہ Abbott فنڈز کا تعاون اور Abbott کی جانب سے فراہم کردہ کوئی دیگر تعاون قانونی محکمہ سے مشورہ کے بعد ہی پیش کیا جائے۔

## Abbott کیسے تعین کرتا ہے کہ کن فلاحی کاموں کی معاونت کی جانی چاہیے؟

**Abbottکیسے تعین کرتا ہے کہ کن فلاحی کاموں کی معاونت کی جانی چاہیے؟**

**ہم ان نظریات میں سرمایہ کاری کر کے زیادہ صحت مند عالمی کمیونیٹیز تشکیل دینے میں مدد کرتے ہیں جو صحت کی نگہداشت تک رسائی بڑھاتے ہیں، ان کمیونیٹیز کو استحکام فراہم کرتے ہیں جہاں ہم رہتے اور کام کرتے ہیں، اور سائنس اور طبی تعلیم کو فروغ دیتے ہیں۔ Abbottاور Abbott فنڈ ایسی تنظیموں کو انسانی ہمدردی کی امداد فراہم نہیں کرے گا جو نسل، مذہب، صنف، عمر، جنسی رجحان، صنفی شناخت، قومی ماخذ یا اصلیت، لسانیت، نسب، ازدواجی حیثیت، معذوری، سابق فوجی کی حیثیت، سیاسی وابستگی، ایچ آئی وی/ایڈز کی حیثیت یا قانونی طور پر کسی بھی دیگر محفوظ مقام کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرتی ہیں۔**

ماحولیاتی ذمہ داری

## ہم ایک پائیدار ترقی میں مصروف ہیں اور ماحولیات پر اثرات کو کم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ہم عالمی ماحولیات پر اپنے اثرات کو کم سے کم کرنے کے عہد کے پابند ہیں، خام مال کی ذمہ دارانہ فراہمی سے لے کر اپنی مصنوعات کی تیاری، تقسیم اور استعمال تک۔

ہم اپنی توانائی اور دیگر قدرتی وسائل کا استعمال کم کرنے کے لیے اقدامات کرتے ہیں۔ ہم ان منصوبوں کی حمایت کرتے ہیں جو کام کی جگہ پر اور ہمارے معاشرے میں قابل تجدید وسائل سے توانائی کی تخلیق کرتے ہیں۔ ہم اپنے عمل کے ماحولیاتی اثر کو کم کرنے کے طریقے تلاش کرتے ہیں، جیسے مکمل طور پر فضلہ میں کمی اور ریسائیکلنگ کے ذریعہ اور دیگر سرگرمیوں کے ذریعہ تا کہ ماحولیاتی خطرات کو کم کیا جا سکے۔ ہم ان ماحولیاتی قوانین اور ضوابط کا احترام کرتے ہیں جن کا اطلاق ہمارے کام پر ہوتا ہے۔

i

ہمارے ماحولیاتی پروگرام کے بارے میں ہمارے ماحول، صحت و سلامتی پورٹل پر مزید جانیں۔



7

# ہمارا طریقہ کار

## ہم ساتھ مل کر جواب دہی کے ساتھ اور Abbott کی اقدار کے دائرے میں کام کرتے ہیں۔

اس سیکشن میں


- تحائف، کھانے اور تفریح
- درست بہی کھاتے اور ریکارڈز
- قوانین کی تعمیل
- منصفانہ مسابقت
- اطلاق کی اہلیت
- چھوٹ اور ترامیم
- منصفانہ لین دین
- مفادات کے تصادم سے گریز کرنا
- Abbott کی املاک کی ساکھ کا تحفظ
- رازدارانہ معلومات
- انسداد رشوت

منصفانہ لین دین

## ہم اخلاق اور ایمانداری کے ساتھ کاروبار کرتے ہیں اور اپنے کام کے ہر پہلو پر جو کچھ بھی ہم کہیں گے وہ کرنے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔

ہم میں سے ہر ایک اپنے کام کے حوالے سے اور اپنے کردار اور ذمہ داریوں کے دائرے میں فیصلہ سازی پر جواب دہ ہے۔

ہمارے پیشہ ورانہ معاملات میں، کام کے دوران ہمیں جن لوگوں کا سامنا ہوتا ہے ان کے ساتھ – رفیق کار، گاہک فراہم کار، نگہداشت صحت کے فراہم کار، حریف اور دیگر – ہمیں اس بارے میں منصفانہ اور صاف گو ہونا چاہیے کہ Abbott کاروبار کیسے کرتا ہے۔ منصفانہ معاملات کا یہ اصول بہت اہم ہے۔

اگر آپ درست عمل کے بارے میں پُریقین نہیں ہیں تو فیصلہ سازی میں مدد والے سیکشن میں بیان کردہ اقدامات پر عمل کریں۔

مفادات کے تصادم سے گریز کرنا

## آگے بڑھنے سے پہلے ہم کسی بھی مفاد کے تصادم کا ازالہ اور حل کرتے ہیں۔

مفاد کا تصادم اس وقت واقع ہوتا ہے جب Abbott کے کسی ملازم کی نجی دلچسپی Abbott کے مفاد میں مداخلت کرے یا مداخلت کرتا معلوم ہو۔ کاروباری فیصلے ممکنہ ذاتی فائدے یا خاندان یا دوستوں کے مفادات کے بجائے Abbott کی ضروریات پر مبنی ہونے چاہئیں۔ ہم میں سے ہر ایک سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ ہم اچھی قوت فیصلہ کا استعمال کریں اور ایسے حالات سے بچیں جن کی وجہ سے حقیقی تصادم یا کسی تصادم کا خدشہ ظاہر ہو تا ہو۔

## مفادات کے تصادم سے گریز کرنا

اگر مسابقتی کارروائیاں، مفاد یا تعلقات آپ کے کام کو بامقصد طریقہ پر اور مؤثر ڈھنگ سے انجام دینا دشوار بناتے ہوں، یا اگر آپ کو یا آپ کے کسی اہل خانہ کو Abbott کے ساتھ یا Abbott کے تعلق سے کسی منصب کے نتیجے میں نامناسب نجی فائدہ حاصل ہو سکتا ہو تو آپ کے لیے ضروری ہے کہ مفاد کے تصادم سے متعلق Abbott کے رہنما خطوط کے مطابق مفاد کے ممکنہ تصادم کو منکشف کریں اور اپنے آپ کو ان حالات سے الگ کرلیں جہاں تصادم آپ کے کاروباری فیصلے کو متاثر کر سکتا ہے۔

اس بارے میں مزید معلومات حاصل کریں کہ مفاد کے ممکنہ تصادم سے کیسے بچنا ہے یا کیسے منکشف کرنا ہے اور کیسے اس کا نظم و نسق کرنا ہے:

speakup.abbott.com

### کیا Abbott کے باہر ملازمت اختیار کرنا درست ہے؟

**Q میں شعبۂ مالیات میں کام کرتا ہوں اور، اپنی تعلیمی کارکردگی کی وجہ سے، میں ہمیشہ تعلیمی دنیا کے رابطہ میں رہا ہوں، اس لیے ایک یونیورسٹی نے مالی بیانات کے تجزیہ اور تخمینہ سے متعلق کلاس میں پڑھانے کے لیے مجھ سے رابطہ کیا۔ میں نے اپنے منیجر سے اس بارے میں بات کرلی ہے اور ہم اس بات پر متفق ہیں کہ یہ ایک ایسی ملازمت ہے جس کا دائرہ Abbott کے دائرے سے مکمل طور پر الگ ہے؛ کام کا شیڈول میرے Abbott کی ملازمت کے ساتھ مداخلت نہیں کرتا، اور اس لیے اس میں Abbott کی رازدارانہ معلومات افشا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کیا اس میں مفاد کا تصادم ہے؟**

A چونکہ باہر کی ملازمت ایک مفاد کا تصادم پیدا کر سکتی ہے، اس لیے آپ نے درست کیا کہ مفاد کے ممکنہ تصادم کا افشا کیا اور اپنے منیجر کے ساتھ اس بارے میں بات چیت کی۔ اپنے منیجر سے رابطہ کرنے، ساتھ مل کر صورت حال کا اندازہ لگانے اور اس بات کا تعین کرنے کے بعد کہ نئی ملازمت Abbott کے لیے فرائض منصبی کی ادائیگی کو متاثر نہیں کرتی ہے، اس صورت حال کو مفاد کا تصادم نہیں کہا جا سکتا۔

مفادات کے تصادم سے گریز کرنا

# اپنے کاروبار سے متعلق فیصلے کرتے وقت ہم Abbott کے مفادات کو نجی مفادات پر اولیت دیتے ہیں۔

اپنے کام کے تناظر میں بڑے ادارے کے مفادات کو کسی کاروباری ڈویژن، کسی ورکنگ گروپ، یا کسی فرد کے مفادات پر فوقیت دینی چاہیے۔

Abbott میں اپنے منصب اور مواقع جیسے کہ بیرونی کاروباری معاملات یا مالی مفادات، جو ملازمتی سرگرمیوں کے ذریعہ دستیاب ہوں ان کا استعمال صرف Abbott کے فائدہ کے لیے کرنا چاہیے نہ کہ ذاتی فائدے کے لیے۔ ہمیں Abbott کے ساتھ مسابقت نہیں کرنی چاہیے یا ایسا کرنے میں دیگر افراد یا کاروباریوں کی مدد نہیں کرنی چاہیے۔ جب مواقع سامنے آئیں تو ہماری ترجیح یہ ہونی چاہیے کہ کمپنی کے مفاد مقدم ہوں۔



ABBOTT کی املاک کی ساکھ کا تحفظ

# ہم اپنے فرائض منصبی میں اپنی کمپنی کے نگہباں ہیں۔

اضافی معلومات کے لیے ہماری **خارجی سوشل میڈیا پالیسی** ملاحظہ کریں۔

Abbott کی املاک کا تحفظ اور استعمال ہماری ذمہ داری ہے، گاڑی اور کمپیوٹر کے آلات جیسے مادی اثاثے سے لیکر تجارتی راز جیسے املاک دانش تک اور یہ جاننا کہ کیسے ان کا مؤثر اور درست استعمال کیا جا سکے۔ ہم سبھی کو اچھی قوت فیصلہ استعمال کرکے اس کو یقینی بنانا چاہیے کہ Abbottکی املاک گم نہ ہوں، چوری نہ ہوں، ان کا غلط استعمال نہ ہو یا وہ ضائع نہ ہوں۔

Abbott کی ساکھ اس کے عظیم ترین اثاثوں میں سے ایک ہے۔ ہم میں سے ہر ایک Abbott کی ساکھ کی بہتری اور تحفظ کا ذمہ دار ہے۔ ہم میں سے ہر ایک شائع ہونے والے یا کمپنی کے باہر لوگوں سے اشتراک کیے جانے والے نقطہ نظر یا مشمولات کا نجی طور پر جواب دہ ہے۔

## کیا میں اپنا دفتری کمپیوٹر نجی مقصد کے لیے استعمال کرسکتا ہوں؟

**Q کیا میں اپنا دفتری کمپیوٹر تعطیلات کے دنوں میں آن لائن شاپنگ کے لیے استعمال کر سکتا ہوں؟**

A Abbott کی پالیسی ملازمین کو صرف اسی وقت اس قسم کے نجی مقصد کے لیےAbbott کے کمپیوٹر کا استعمال کرنے کی اجازت دیتی ہے جب یہ اتفاقی ہو اور کام کی ذمہ داریوں سے اس کا تصادم نہ ہو۔ مزید معلومات کے لیے،Abbott کے الیکٹرانک استعمال کی پالیسی ملاحظہ فرمائیں۔

## ABBOTT کی املاک کی ساکھ کا تحفظ

بیرونی معاملات میں، ہمیں اس بات سے باخبر رہنے کی ضرورت ہے کہ کیا ہماری پہچان Abbottسے الحاق یافتہ کے طور پر ہو سکتی ہے اور اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ ہمارے کام سے متعلق بیانات کیسے کمپنی پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ یہ خاص طور سے سوشل میڈیا کے ضمن میں اہم ہے جہاں باہمی تعامل فوری اور فعال ہوتے ہیں اور بہت نمایاں ہو سکتے ہیں۔ لاپروائی سے کیے گئے ابلاغ کی وجہ سے Abbott کے وقار کو بڑا خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ ہم سبھی اپنے ابلاغ میں اور Abbott کی رازدارانہ معلومات کے تحفظ میں محتاط ابلاغ کے لائحہ عمل پر عمل درآمد کے ذمہ دار ہیں۔

اضافی معلومات کے لیے ہماری **ٹیکنالوجی کے قابل قبول استعمال کی پالیسی** ملاحظہ کریں۔

رازدارانہ معلومات

# ہم رازدارانہ معلومات اور ذاتی معلومات کا احترام اور تحفظ کرتے ہیں۔

Abbott کے قیمتی ترین اثاثوں میں سے ایک ہے اس کی رازدارانہ معلومات۔ رازدارانہ معلومات وہ معلومات ہیں جو عوام کے لیے دستیاب نہیں ہوتی ہیں اور اس میں شامل ہیں تحقیق و ترقیات کے پروجیکٹس، تجارتی راز، کاروباری منصوبے، مصنوعات کی تیاری کے فارمولے اور طریقۂ کار، فراہم کار یا صارف سے معاہدے کی شرائط، قیمتوں کا تعین، فروخت کے اعداد وشمار، بولیاں، نرخ، قیمتوں کے تعین کی تجاویز، ٹینڈروں کے لیے جوابات دینا اور غیر عوامی مالی نتائج یا کوئی دیگر معلومات جو Abbott کے حریفوں کے لیے قابل استعمال ہو سکتی ہوں یا اگرافشا کردی جائیں تو Abbott کے لیے نقصان دہ ہو سکتی ہوں۔ ہم میں سے ہر ایک کو رازدارانہ معلومات کے تحفظ کے لیے اور غیر مجاز افشا یا استعمال کی روک تھام کے لیے چوکنا رہنا چاہیے۔ رازدارانہ معلومات حریفوں کو نہیں دی جانی چاہیے۔ یہ ذمہ داریاں Abbott کے ساتھ ملازمت سے بالاتر ہو سکتی ہیں۔



## رازدارانہ معلومات

اسی طرح، ہم دوسروں کی املاک دانش کے حقوق کا احترام کرتے ہیں اور نامناسب طریقے سے ان کی رازدارانہ معلومات حاصل نہیں کریں گے یا ان کا غلط استعمال نہیں کریں گے۔

بعض مخصوص رازدارانہ معلومات کا غلط استعمال قانون کے لحاظ سے ممنوع ہے، جیسے کہ اندرونی معلومات پر مبنی خفیہ معلومات کی بنیاد پر حصص کی ناجائز خرید و فروخت کی ممانعت کرنے والے قوانین۔ خفیہ معلومات کی بنیاد پر حصص کی ناجائز خرید و فروخت غیر اخلاقی بھی ہے اور غیر قانونی بھی، اور ہمیں چاہیے کہ ہم ایسی معلومات کی بنیاد پر Abbott، یا دیگر ایسی کمپنیوں کے حصص اور تمسکات نہ خریدیں نہ ہی فروخت کریں، جو Abbott کے ساتھ کاروبار کرتی ہیں یا جن کے ذریعہ Abbott کے ساتھ کاروبار متوقع ہے۔

اضافی معلومات کے لیے ہماری **سیکیوریٹیز میں انسائڈر ٹریڈنگ پالیسی** ملاحظہ کریں۔

## اگر میں کسی چیز کو کسی غلط شخص کے پاس بھیج دوں تو کیا کروں؟

**Q اگر میں نادانستہ طور پر مریض کے ناموں کی ایک فہرست اور ای میل پتہ غلط بیرونی ای میل وصول کنندہ کو بھیج دوں تو کیا کروں؟**

A مریض کے ناموں اور دیگر معلومات کو حساس معلومات سمجھا جاتا ہے جن کی ہمیں تحفظ کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر ایسی معلومات کے ساتھ کسی بھی طرح سے سمجھوتا کیا گیا ہو تو اس واقعہ کے بارے میں اندرونی متعلقہ حصص داران کو مطلع کرنے کے لیے آپ کو داخلی طریقہ کار پر عمل کرنا چاہئے۔ آپ کو Abbott کے گلوبل سروس ڈیسک سے رابطہ کرکے اس واقعے کی رپورٹ کرنی چاہیے۔

## رازدارانہ معلومات

ہم ان لوگوں کی رازداری کا احترام کرتے ہیں جو اپنی ذاتی معلومات ہمارے سپرد کرتے ہیں، بشمول ہمارے رفقائے کار اور وہ لوگ جو ہماری مصنوعات کی سفارش کرتے ہیں، تجویز کرتے ہیں اور استعمال کرتے ہیں۔ جب ہم اپنے کاروبار کے دوران ذاتی معلومات جمع کرتے ہیں تو ہم مناسب طریقے سے ان لوگوں کو جن کی معلومات ہم جمع کرتے ہیں اس بات سے باخبر کرتے ہیں کہ اس کا استعمال کیسے کیا جائے گا، اور کیسے مناسب رضامندی یا اجازت حاصل کی جائے گی۔ ہم ذاتی معلومات فروخت نہیں کرتے یا ایسے ذرائع سے ذاتی معلومات حاصل نہیں کرتے جن کو اجازت حاصل نہیں ہے۔

ہم نجی اور حساس معلومات کی غیر مجاز افشا اور استعمال سے حفاظت کرتے ہیں۔ بہت سے مقامات پر ضوابط بہت سخت ہوتے ہیں جو اس بات کا تقاضہ کرتے ہیں کہ کمپنیاں کاروبار کے دوران جمع کردہ اور استعمال کردہ ذاتی معلومات کی حفاظت کریں، خاص طور پر حساس ترین زمرے والی ذاتی معلومات کے لیے اور ہم ان تقاضوں کو سمجھنے اور ان پر عمل کرنے کے عہد کے پابند ہیں۔

رازداری اور ڈیٹا کے تحفظ کے تقاضوں کے بارے میں ہمارے عالمی رازداری پورٹل پر مزید جانیں۔

## میں عام لوگوں یا پریس کی کسی انکوائری کا جواب کیسے دوں؟

**Q اگر مجھے کسی ایسے فرد سے کوئی کال یا کوئی آن لائن انکوائری موصول ہوتی ہے جو مجھ سے Abbott کی تازہ ترین خبر کے بارے میں پوچھ رہا ہو تو میں کیا کروں؟ جس فرد نے مجھے فون کیا تھا وہ پیشہ ور لگ رہا تھا، اس نے بتایا تھا کہ وہ انڈسٹری کی موجودہ ترقی کے بارے میں صحت کی نگہداشت سے متعلق صنعت بھر میں وہ ایک رسمی سروے کررہا ہے۔ کیا مجھے حصہ لینے کی اجازت ہے؟**

A Abbott کے کاروبار کے بارے میں ایسی معلومات فراہم کرنا جو غیر عوامی ہیں ایک دشوار کن امر ہو سکتا ہے۔ اس نوعیت کی معلومات کے لیےAbbott سے رابطہ کرنے والے کچھ لوگ مختلف ذرائع سے معلومات جمع کرنے کی کوشش کررہے ہیں تا کہ وہ اس بارے میں اندرونی معلومات حاصل کرسکیں کہ ہماری کمپنی میں کیا ہورہا ہے۔ جب تک Abbott اپنے کاروبار کے بارے میں اپنے نتائج یا دیگر معلومات کو شائع کرنے کے لیے تیار نہ ہو، آپ کو اپنے کام کے بارے میں معلومات کو رازداری میں رکھنا چاہیے۔ اس بات کو جاننا یقینی بنائیں کہ آپ کے کام سے متعلق معلومات کے تعلق سے کن چیزوں کو رازدارانہ اور کن چیزوں کو غیر رازدارانہ سمجھا جاتا ہے۔ اگر آپ کے پاس سوالات ہوں تو اپنے منیجر، او ای سی یا قانونی محکمہ سے رابطہ کریں۔ عوامی امور سے متعلق پریس انکوائری ملاحظہ فرمائیں۔

انسداد رشوت

## ہم دھوکہ دہی، رشوت خوری اور بدعنوانی کی سرگرمی کے ساتھ مخالفت کرتے ہیں۔ ہم درست طریقہ پر کاروبار کرتے ہیں۔



مریض، اہل خانہ اور نگہداشت فراہم کار کی حیثیت میں، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے ڈاکٹرز، نرسیں اور فارماسسٹ اپنے پیشہ ورانہ فیصلہ کا استعمال کرتے ہوئے ہماری ان مصنوعات اور علاج کی سفارش کریں جو ہماری ضرورتوں کے لیے موزوں ترین ہوں ۔ مریضوں اور صارفین کو اپنے صحت کے مشیران کے آزادانہ فیصلوں پر بھروسہ کرنا چاہئے، اس بات کی فکر کیے بغیر کہ وہ فیصلے ان کمپنیوں کے تحائف سے نامناسب طریقے سے متاثر ہوئے ہیں جو اپنی مصنوعات کو فروغ دینے کی کوشش کررہی ہیں۔

شہری کی حیثیت سے، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے سرکاری اہلکار ایسے فیصلے کریں جو لوگوں کے بہترین مفاد میں ہوں۔ ایسے سرکاری فیصلے ان کمپنیوں کے ذریعہ نامناسب طریقے سے متاثر نہیں ہونے چاہئیں جو سرکاری اہلکار کو مراعات دیکر اپنے کارپوریٹ مفاد کے لیے عنایت اور مہربانی چاہتی ہیں۔

جب ہم اپنی مصنوعات کی تشہیر کرتے ہیں اور انہیں فروخت کرتے ہیں تو ہم نگہداشت صحت کے پیشہ وروں کو معلومات فراہم کرتے ہیں، لیکن ان کی آزادی، پیشہ ورانہ فیصلوں میں دخل اندازی نہیں کرتے ہیں۔ کسی ایسی چیز کی پیشکش کرنے یا فراہم کرنے کی ہر گز اجازت نہیں ہے جس سے سرکاری اہلکار کو، نگہداشت صحت کے پیشہ ور کو (جیسے کہ فیزیشن، فارماسسٹ، نرس، محقق یا لیباریٹری اسٹاف) یا کسی دیگر فرد کو براہ راست یا بالواسطہ طور پر فوائد حاصل ہوں، تا کہ کوئی چیز فروخت کی جا سکے یا Abbott کے لیے کاروباری فائدے کو محفوظ کیا جا سکے۔ اسی طرح، کوئی بھی قیمتی چیز Abbott کے ساتھ کسی بھی گزشتہ یا حالیہ تعلق کے لیے ایک "انعام" کے طور پر فراہم کرنے کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔

### ”قدر رکھنے والی چیز“ کیا ہے؟

**Q ”قدر رکھنے والی چیز“ کیا ہے؟**

A نامناسب فوائد کسی بھی شکل میں ہو سکتے ہیں، ان کی کچھ مثالیں یہ ہیں، لیکن ان کے علاوہ بھی ہو سکتی ہیں نقد رقم، گفٹ کارڈز، تحائف، سفری اخراجات، تفریح، اسپانسر شپ، جعلی مشاورتی معاہدے، ملازمت کے مواقع، بڑھا ہوا کمیشن، غیر مجاز چھوٹ یا رعایت، اور سیاسی یا رفاہی عطیات۔ اگر آپ سوالات پوچھنا چاہتے ہوں تو اپنے منیجر، CEO، یا قانونی محکمے سے رابطہ کریں۔

## انسداد رشوت

انسداد رشوت، انسداد بدعنوانی، اور "مانع بخشش" قوانین خاص طور پر ہمارے لیے یہ ضروری بناتے ہیں کہ ہم اپنے سبھی باہمی عمل والے کاروباری لین دین میں نامناسب اثر و رسوخ کی روک تھام کرنے کے اپنے عہد کے پابند رہیں۔ امریکہ کا بیرون ملک بد عنوانیوں سے متعلق قانون (FCPA)، اور دیگر متعلقہ ممالک کے قوانین کا ممکنہ طور پر اطلاق Abbott کی دنیا بھر میں واقع سرگرمیوں پر ہو سکتا ہے، اور رشوت خوری ہر جگہ غیر قانونی ہے۔

Abbott میں موجود ہر فرد کو پیش قدمی کے طور پر سروس فراہم کار (جیسے کہ تقسیم کار، مشیرکار، اسپیکرز یا پروموٹرز) کے ساتھ تعلقات کا نظم و نسق کرنا چاہیے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ Abbott کی طرف سے فراہم کی جانے والی سروسز ہماری توقعات اور قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی تعمیل میں ہوں۔ خدمت فراہم کاروں کا انتخاب کرتے وقت ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنی، خدمات کے لیے درست مارکیٹ قدر ادا کرنا، اور سروس کی ادائیگیوں کو، جرمانوں کو اور فیس وغیرہ کو ٹھیک طریقے سے درج کرنا چاہیے۔

رشوت ستانی مخالف اور بدعنوانی مخالف قوانین کے بارے میں ہمارے بدعنوانی مخالف پورٹل پر مزید جانیں۔

## کسی خدمت کو تیزی سے حاصل کرنے کے لیے ایک رشوت اور ایک جائز ادائیگی کے درمیان کیا فرق ہے؟

**Q کسی خدمت کو تیزی سے حاصل کرنے کے لیے ایک رشوت اور جائز ادائیگی کے درمیان فرق کیسے جان سکتا ہوں، جیسے کہ اگر مجھے ایک ویزا کے لیے درخواست دینی ہے یا کسی "فاسٹ ٹریک" کی بنیاد پر کسٹم کلیرینس حاصل کرنا ہے؟**

A کچھ اختلافات یہ ہو سکتے ہیں، دستاویز سازی کی رقم اور یہ کہ آیا یہی اختیار ہمیشہ ہر درخواست دہندہ کے لیے دستیاب ہوتا ہے۔ جائز "فاسٹ ٹریک" اختیار کے لیے فیس عام طور پر شائع ہوتی ہیں، ایک مقررہ فیس کے ساتھ اور اس کے ساتھ میں واضح، معیاری دستاویز سازی جیسے کہ ایک درخواست فارم اور ادارے کو جاری ہونے والی فیس کی رسید۔ Abbott پالیسیاں اور کارروائیاں "سہولتی ادائیگیوں" کی اجازت نہیں دیتیں، جو کہ اس جائز "فاسٹ ٹریک" سے الگ ہوتی ہیں۔ اگر آپ کو معلوم نہ ہو کہ آیا خدمات کو مزید تیزی سے حاصل کرنے کے لیے کسی ادائیگی کی اجازت ہے تو آپ کو اپنے منیجر، او ای سی یا قانونی شعبہ سے رابطہ کرنا چاہیے۔

### تحائف، کھانا تفریح

چونکہ انسداد رشوت کے اصول اس بات کا تقاضہ کرتے ہیں کہ کاروبار کے کسی فائدے کو محفوظ کرنے کے لیے ہم ہرگز کسی ایسی چیز کی پیشکش نہ کریں اور نہ فراہم کریں جس سے براہ راست یا بالواسطہ طور پر کسی فرد کو فوائد حاصل ہوتے ہوں، اس لیے ہم تحائف، کھانے اور تفریح کے لیے حدود کا تعین کرتے ہیں۔ برانڈ کی یادہانی، تحائف، ثقافتی تواضع، کھانے اور مہمان نوازی کی حدود یا اطلاع دہی سے متعلق ہماری پالیسیاں اور کارروائیاں اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کے لیے ہیں کہ ہم کوئی ایسا فائدہ فراہم نہ کریں جو پیشہ ورانہ فیصلہ میں مداخلت کرے۔

## کیا میں کسی نگہداشت صحت کے پیشہ ور کو ثقافت کے مطابق تواضع کی پیشکش کر سکتا ہوں؟

**Q قومی یا مذہبی چھٹیوں کے دوران، کیا ہم کسی نگہداشت صحت کے پیشہ ور کی ثقافتی تواضع کر سکتے ہیں؟**

A قومی یا مذہبی تعطیلات سے متعلق ثقافتی تواضع بہت سے مقامات پر عطا کی جا سکتی ہیں، بشرطیکہ مقامی طریقہ کار کے ذریعہ ان کی اجازت ہو اور رقم کی حدود سے تجاوز نہ کریں۔ آپ کو اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ کونسی اشیاء، اگر کوئی ہو، فراہم کی جا سکتی ہیں، اپنے مقامی او ای سی کے طریقۂ کار کی جانچ کریں۔

## کاروباری فائدہ حاصل کرنے کے لیے ہم کسی ایسی چیز کی پیش کش یا اسے فراہم نہیں کرتے جو کسی فرد کو راست یا بالواسطہ فائدے پہنچائے۔

## کیا میں کسی فراہم کار سے کوئی تحفہ قبول کر سکتا ہوں؟

**Q مجھے تعطیلات کے دوران ایک فراہم کار کی طرف ایک تحفہ ملا، اور مجھے معلوم نہیں ہے کہ کیا میں اس کو قبول کر سکتا ہوں۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

A اس کا انحصار تحفہ کی نوعیت، اس کی قیمت اور ملک کی ثقافت پر ہے۔ جو تحفہ آپ کو مل رہا ہے اگر اس کی قیمت معمولی نہیں ہے تو آپ کو یہ قبول نہیں کرنا چاہیے اور اس کو فراہم کار کو واپس کردینا چاہیے یہ سمجھاتے ہوئے کہ ہماری پالیسی ملازمین کو قیمتی تحائف قبول کرنے کی اجازت نہیں دیتی۔ دوسری طرف، اگر تحفہ کی رقم معمولی ہو اور ملک کی ثقافت کی بنیاد پر اسے معقول سمجھا جائے تو آپ اس کو قبول کر سکتے ہیں اور بہترین طریقہ یہ ہے کہ اس کو محکمہ کے ملازمین کے درمیان بانٹ دیں، اگر تحفہ کی نوعیت اس کی اجازت دے۔ دونوں معاملوں میں، شفافیت ایسے حالات میں کلیدی عنصر ہے۔ اس لیے، آپ کو چاہیے کہ اپنے منیجر کو اس سے مطلع کردیں، اور اگر آپ کے پاس مزید سوالات ہوں تو آپ کو Abbott محکمۂ خریداری سے رابطہ کرنا چاہیے۔

## کیا میں کسی کاروباری کھانے کے لیے کسی نگہداشت صحت کے پیشہ ور کو باہر لے جا سکتا ہوں؟

**Q کسی نگہداشت صحت کے پیشہ ور کے پاس کسی کاروباری دورہ پر رہ کر فروخت کے نمائندہ سے نگہداشت صحت کے پیشہ ور پوچھتے ہیں کہ کیا وہ دن کے کھانے پر کاروبار کے موضوعات پر بات چیت کر سکتے ہیں۔ کیا ضابطہ اخلاق کے مطابق اس کی اجازت ہے؟**

A زیادہ تر ممالک میں، کسی کاروباری بات چیت کے موقع پر کسی نگہداشت صحت کے پیشہ ور کے ساتھ کھانا کھانے کی اجازت ہے۔ تقاضوں اور مالی حدود کے لیے اپنے مقامی او ای سی طریقہ کار کی جانچ کریں۔

درست بہی کھاتے اور ریکارڈز

# ہم درستگی کے ساتھ حصولیابیوں کی پیمائش کرتے ہیں۔

ہماری مالی بہی کھاتے، داخلی ریکارڈز اور دستاویز اور عوامی بیانات میں ہماری کارروائیوں کے لب لباب اور حقائق کی درست عکاسی ہونی چاہیے۔ جب ہم اپنی کامیابی، ناکامی اور معمول کے عمل کی پیمائش کررہے ہوں یا وضاحت کررہے ہوں تو حقائق کو معقول تناظر میں اور معقول اعانت کے ساتھ پیش کیا جانا چاہیے تا کہ ہماری سرگرمیاں یا لین دین کی درست نوعیت سمجھ میں آسکے۔ ہمارے مالی ریکارڈ کا قابل اطلاق حسابی معیار، قوانین اور ضوابط اور Abbott کی پالیسیوں، طریقۂ کار اور کنٹرول کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

جب ہم معلومات کی اطلاع دیں جیسے کہ قیمت یا ادائیگیاں اور فیزیشن اور دیگر گاہکوں کو فراہم کردہ قیمتی اشیاء، تو معلومات مکمل اور درست ہونی چاہیے۔ دنیا بھر میں بہت سی حکومتوں نے قیمتوں کی اطلاع دہی اور نگہداشت صحت کے پیشہ ور کو دی جانے والی مخصوص ادائیگیوں کی اطلاع دہی سے متعلق سخت قوانین وضع کیے ہیں۔ یہ قوانین ٹیکس ادا کرنے والے ان لوگوں کے تحفظ میں مدد کرتے ہیں جو بالآخر نگہداشت صحت نظام کے اندر کچھ خریداری یا سبھی خریداری کے لیے ادائیگی کرتے ہیں۔ Abbott اس بات کو یقینی بنانے کے عہد کا پابند ہے کہ حکومتوں، بیمہ کاروں اور دیگر حصص داران کو باخبر فیصلے لینے پر قادر بنانے کے لیے ہم درست معلومات فراہم کریں۔

## اگر میں کسی مالی بے قاعدگی سے باخبر ہو جاؤں تو کیا کرنا چاہیے؟

**Q اگر میں اس بات سے باخبر ہو جاؤں کہ کسی نے ایک "غیر رسمی" علیحدہ اکاونٹ کھولا ہے جس کی اطلاع شعبۂ مالیات کو نہیں دی گئی ہے تو میں کیا کروں؟**

A آپ کو اس کی رپورٹ او ای سی، قانونی محکمہ یا شعبۂ مالیات کو دینی چاہئے تا کہ اس کا جائزہ لیا جا سکے۔

قوانین کی تعمیل

# ہم ان سبھی قوانین، ضوابط اور Abbott کے تقاضوں کا احترام کرتے ہیں جن کا اطلاق ہمارے کام پر ہوتا ہے۔

Abbott کے ہر ملازم سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ سبھی قوانین اور Abbott کی پالیسیوں، طریقۂ کار، اصولوں اور معیارات اور اس ضابطہ اخلاق کا احترام کرے۔ یہ ملازمت کی ایک بنیادی توقع اور شرط ہے۔ Abbott کی پالیسیاں اور طریقۂ کار ہمارے کاروباری عمل کے اہم عناصر سے متعلق موضوعات کو احاطہ کرتے ہیں، بشمول صحت کی نگہداشت کی تعمیل، کوالٹی، انجنیرنگ، کسٹم اور تجارت، مالیات، سیکیوریٹی، خریداری، انسانی وسائل اور معلوماتی نظام، اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرنے کے لیے کہ ہم اپنے کاروبار سے متعلق بہت سے قوانین اور ضوابط پر عمل کریں۔ ایسی پالیسیاں اور طریقہ کار ہمیں خلاف تعمیل سرگرمیوں کا سراغ لگانے، درست کرنے اور روک تھام کرنے کے قابل بناتے ہیں۔

ایک عالمی کمپنی کے ملازم کی حیثیت سے، ہمیں اپنے ذہن میں یہ رکھنا چاہیے کہ ایک ملک کے قوانین کا اطلاق دیگر ممالک میں ہمارے کام کے طریقہ کار پر ہو سکتا ہے۔ ہر مقام کے تقاضوں سے ہمیں باخبر رہنا چاہیے اور جب بھی ہمارا سامنا اس سوال سے ہو کہ کون سے تقاضے قابل اطلاق ہیں، تو قانونی محکمہ یا اخلاقیات یا تعمیل کے دفتر سے ہمیں رہنمائی حاصل کرنی چاہیے۔

ہماری کاروباری پالیسیوں کے بارے میں ہمارے عالمی پالیسی پورٹل پر مزید جانیں۔

## مجھے کن قوانین کی پیروی کرنی ہے؟

**Q دنیا میں اور میرے ملک میں بہت سارے قوانین ہیں، ممکنہ طور پر میں کیسے جان سکتا ہوں کہ کون سے قوانین پر ہمیں عمل کرنے کی ضرورت ہے اور وہ کیا کہتے ہیں؟**

A Abbott کی پالیسیاں اور طریقۂ کار کو باقاعدگی کے ساتھ تازہ کر کے قانون کو درست بنایا جاتا ہے۔ سبھی متعلقہ پالیسیوں پر عمل کریں اور اگر کوئی سوالات ہوں تو او ای سی یا قانونی محکمہ سے پوچھیں۔



منصفانہ مسابقت

# ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ حریفوں کے ساتھ ہمارا کوئی بھی معاملہ مناسب ہو۔

اپنے گاہکوں کی ضروریات کو بہتر طریقہ سے پورا کرنے کے لیے اور شیئر ہولڈر کی قیمت کو بہتر بنانے کے لیے ہمیں مارکیٹ پلیس میں پرجوش طریقے سے مسابقت کرنی چاہیے۔ ایسا کرنے میں، ہم ان معاہدوں اور سرگرمیوں میں شامل نہیں ہوں گے جو غیر منصفانہ طریقے سے مسابقت کو محدود کردیتی ہیں۔ ہر اس ملک میں جہاں ہم اپنا کاروبار کرتے ہیں، ہم مسابقت کے قوانین کی تعمیل کے پابند ہیں۔ یہ قوانین ان معاہدوں کی ممانعت کرتے ہیں جو مسابقت کا خاتمہ یا حوصلہ شکنی کرتے ہیں اور ہمارے کاروبار کے بہت سے پہلووں پر ان کا اطلاق ہوتا ہے، بشمول حریف کے ساتھ تعلقات، قیمت اور ڈسٹری بیوٹرز اور دیگر گاہکوں سے فروخت کی شرائط اور مارکیٹنگ اور تجارتی کارروائیاں۔ مسابقتی قوانین بہت ہی پیچیدہ ہوتے ہیں اور ان کی خلاف ورزی کے لیے بھاری جرمانہ اور یہاں تک کہ قید بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ یہ اہم ہے کہ آپ کسی ایسی سرگرمی میں ملوث نہ ہوں جس کو مسابقت کے مخالف کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے اور قانونی محکمہ یا اخلاقیات اور تعمیل کے دفتر سے مشورہ کریں اگر آپ کے پاس سوالات ہوں۔

ہمیں حریفوں کے ساتھ تعامل کے وقت ہمیشہ احتیاط برتنا چاہیے۔ آپ کو حریفوں کے ساتھ کاروبار کے حساس موضوعات پر بات چیت نہیں کرنی چاہیے جیسے کہ قیمتوں کا تعین، فروخت کی شرائط، کاروبار یا فروخت کے منصوبے، منافع، لاگتیں، پیداواری صلاحیت، انوینٹری کی سطحیں یا چھوٹ۔ آپ کو حریفوں کے ساتھ اپنے تعامل سے متعلق قوانین کے بارے میں مخصوص رہنمائی کے لیے قانونی محکمہ یا اخلاقیات اور تعمیل کے دفتر سے رابطہ قائم کرنا چاہیے اور حریفوں کے ساتھ کسی نامناسب بات چیت کی رپورٹ دینی چاہیے۔



## اطلاق کی اہلیت

اس ضابطہ اخلاق کا اطلاق Abbott کے سبھی آفیسران اور ملازمین پر ہوتا ہے، دنیا بھر کے ان سبھی مقامات پر جہاں Abbott کا ڈویژن اور اس کے ملحقین کاروبار کرتے ہیں۔ اس دستاویز میں وہ کارروائیاں متعین ہیں جن کی ہم سے توقع کی جاتی ہے، بشمول باہری ادارے جو Abbott کی جانب سے کام کررہے ہیں، جب بھی Abbott کے لیے کاروبار انجام دیا جا رہا ہو؛ یہ ملازمت کا معاہدہ نہیں ہے۔

## چھوٹ اور ترامیم

Abbott ضابطہ اخلاق میں کسی بھی چھوٹ یا ترامیم کا عوامی افشا کرے گا اس حد تک جتنا کہ قابل اطلاق قوانین، قواعد و ضوابط کے ذریعہ درکار ہے۔

اس ضابطہ میں مذکور کسی بھی ایسے فرد کے لیے اس ضابطہ کی کوئی رعایات صرف چیف ایگزیکیوٹو آفیسر (یا قائم مقام) کے ذریعہ دی جا سکتی ہے، سوائے اس کے کہ کسی ایگزیکیوٹو آفیسر کے لیے کسی چھوٹ کو Abbott بورڈ آف ڈائرکٹرز کی آڈٹ کمیٹی کی منظوری درکار ہو۔



اس ضابطہ کا اطلاق دنیا بھر میں Abbott کے تمام افسران اور ملازمین پر ہوتا ہے۔

# 8

# وسائل

اس سیکشن میں

فیصلہ سازی میں مدد

آواز اٹھائیں

دیگر اہم وسائل

# فیصلہ سازی میں مدد

بسا اوقات آپ ایسے حالات سے دوچار ہوسکتے ہیں جہاں درست اقدام کا تعین مشکل ہوتا ہے۔ Abbott کی اقدار کی حمایت کرنے والے لائحہ عمل کے تعین سے متعلق درست سوالات پوچھ کر ہماری فیصلہ سازی میں مدد (AID) کرنا آپ ہی کی مدد کرے گی۔

## A — جائزہ لینا ممکنہ کارروائی

- کیا یہ قانونی طور پر درست ہے؟
- کیا یہ Abbott کی پالیسی کی تعمیل میں ہے؟
- کیا یہ Abbott کی اقدار اور ثقافت کی مطابقت میں ہے؟

## I — ممکنہ کا تخمینہ لگائیں اثر

- یہ مریضوں اور Abbott کے صارفین پر کیسے اثر انداز ہو گا؟
- کیا یہ Abbott کی ساکھ کو متاثر کر سکتا ہے؟ اگر یہ بات خبروں اور سرخیوں میں آئے تو کیا آپ فکر مند ہوں گے؟
- کیا Abbott کے دیگر حصص داران پر اس کا کوئی اثر ہوگا؟

## D — فیصلہ کریں

- اگر آپ کو پورا بھروسہ ہے کہ آپ کا فیصلہ سبھی حصص داران کے مفاد کو متوازن رکھے گا تو آگے بڑھیں۔
- اگر آپ کو اب بھی درست کارروائی کے بارے میں یقین نہ ہو تو متبادل اقدامات پر غور کریں، اپنے منیجر، اخلاقیات اور تعمیل کے دفتر، انسانی وسائل، اور/یا قانونی شعبہ سے رابطہ کریں۔

**ہماری متعامل فیصلہ سازی سے رجوع کریں:**
**abbott.sharepoint.com/sites/abbottworld/EthicsCompliance/cobc/Pages/Decision-Making-Aid.aspx**

# آواز اٹھائیں

ہم مختلف طریقے یا راستے پیش کرتے ہیں جہاں آپ سوالات پوچھ سکتے ہیں اور تشویشات کا اظہار کرسکتے ہیں۔ ہمارے اطلاعاتی پروگرام کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے speakup.abbott.com ملاحظہ فرمائیں۔

## سوالات پوچھنا

اگر اپنی مخصوص ذمہ داریوں کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہو تو اپنے منیجر، او ای سی، انسانی وسائل یا قانونی شعبہ سے بات کریں۔

## تشویشات کا اظہار کرنا

اخلاقیات اور تعمیل کی ہماری کثیر لسانی ہیلپ لائن استعمال کریں جو ہماری کمپنی کی اقدار اور عمل کے معیار کی ممکنہ خلاف ورزی کے بارے میں اپنی تشویشات کا اظہار کرنے کے لیے پوری دنیا میں 24/7 دستیاب ہے (speakup.abbott.com)۔

آپ کسی ممکنہ خلاف ورزی کی رپورٹ کرنے کے لیے investigations@abbott.com پر ای میل بھی بھیج سکتے ہیں۔



# دیگر اہم وسائل

### منیجر یا سپروائزر

اگر آپ کے پاس اس بارے میں سوالات ہوں کہ کاروبار سے متعلق ہمارے ضابطہ اخلاق کا اطلاق آپ کے مخصوص فرض منصبی پر کیسے ہوگا تو سب سے بہتر یہ ہوگا کہ پہلے اپنے قریبی منیجر یا سپروائزر سے رابطہ کریں۔

### ABBOTT کارپوریٹ پالیسی پورٹل

کمپنی بھر میں قابل اطلاق ہماری کارپوریٹ پالیسی اور طریقۂ کار کے لیے،Abbott کارپوریٹ پالیسی پورٹل دیکھیں۔ (abbott.sharepoint.com/sites/abbottworld/GlobalPolicy)۔

### اخلاقیات اور تعمیل کا دفتر (او ای سی)

او ای سی ایک کارپوریٹ ذریعہ ہے جو ہماری کمپنی کی اقدار اور کنڈکٹ کے معیار کے بارے میں آپ کے سوالات کا جواب دینے کے لیے دستیاب ہے۔

---

**او ای سی ویب سائٹ–** اخلاقیات اور تعمیل سے متعلق مختلف اقسام کے سوالات کے جواب کے لیے او ای سی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ ہماری کمپنی کی بین الاقوامی اور ملک کی مخصوص او ای سی پالیسی اور طریقۂ کار تک ویب سائٹ کے ذریعہ بھی رسائی حاصل کی جا سکتی ہے (abbott.sharepoint.com/sites/abbottworld/EthicsCompliance)۔

---

**او ای سی کنٹیکٹ–** آپ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اخلاقیات اور تعمیل کے بارے میں کسی بھی سوال کے لیےکسی بھی وقت او ای سی سے رابطہ کریں یا ہمارے تحریری معیار، قوانین یا ضوابط کی ممکنہ خلاف ورزی کے بارے میں مسائل پر بات چیت کریں۔

**کارپوریٹ او ای سی–** Abbott میں اخلاقیات اور تعمیل سے متعلق کسی بھی سوالات کے ساتھ 1-224-667-5210 پر فون کریں یا oec@abbott.com پر ای میل کریں۔

---

**ڈویژنل یا ملکی او ای سی–** آپ کا ڈویژنل یا ملکی او ای سی کا نمائندہ ڈویژنل یا ملکی او ای سی پالیسیوں، طریقہ کار، اور رہنما خطوط کے بارے میں اضافی رہنمائی فراہم کر سکتا ہے (icomply.abbott.com/Apps/ComplianceContacts)۔

---

# دیگر اہم وسائل

**اخلاقیات اور تعمیل ہیلپ لائن–** ہماری کثیر لسانی اخلاقیات اور تعمیل ہیلپ لائن پر جائیں جو ہماری کمپنی کی اقدار اور رویے کے معیار کی ممکنہ خلاف ورزی کے بارے میں تشویش کا اظہار کرنے کے لیے پوری دنیا میں ہر روز اور ہر وقت24/7 دستیاب ہے۔ آپ کسی ممکنہ خلاف ورزی کی رپورٹ کرنے کے لیے investigations@abbott.com پر ای میل بھی بھیج سکتے ہیں (speakup.abbott.com)۔

Abbott کسی ایسے فرد کے خلاف انتقامی کارروائی برداشت نہیں کرتا ہے جو ہمارے تحریری معیار کی ممکنہ خلاف ورزی کے بارے میں نیک نیتی سے رپورٹ کرے۔ نیک نیتی سے دی گئی کسی بھی رپورٹ میں، نام گمنام رکھنے کی اجازت ہوتی ہے، انتقامی کارروائی نہ ہونے کو یقینی بنایا جاتا ہے اور رازداری قائم رکھی جاتی ہے۔

**iComply–** ضابطہ کی تعمیل سے متعلق درخواست اور ان وسائل تک رسائی کے لیے نگہداشت صحت کے پیشہ ور اور نگہداشت صحت کے اداروں، اور فریق ثالث سے متعلق ہیں، iComply ملاحظہ فرمائیں (icomply.abbott.com)۔

## انسانی وسائل

ملازم سے متعلق مسائل کے لیے جیسے کہ مینجمنٹ اور/یا دیگر ملازمین سے متعلق مسائل کے لیے، اپنے مقامی انسانی وسائل کے نمائندے سے رابطہ کریں (myhr.abbott.com)۔

## قانونی شعبہ

اگر آپ کے پاس قوانین، ضوابط اور کاروبار کی قابل قبول روایات کے بارے میں سوالات ہوں تو قانونی ڈویژن آپ کی مدد کر سکتا ہے (abbott.sharepoint.com/sites/abbottworld/Legal)۔

# دیگر اہم وسائل

### دیگر وسائل

آپ کے لیے دیگر بہت سے وسائل دستیاب ہیں:

**مالیات**– اگر آپ کا سوال حساب یا مالیات کے بارے میں ہے تو اپنے مقامی مالیات محکمہ سے رابطہ کریں۔

**کارپوریٹ آڈٹ**– اگر آپ کو حساب کتاب، داخلی اکاؤنٹنگ کنٹرولز یا آڈٹنگ معاملات کے بارے میں تشویش ہے تو فوراً اس کی اطلاع کارپوریٹ آڈٹ یا او ای سی کو دیں۔

**Abbott معیار اور انضباط**– اگر آپ کے پاس ہماری مصنوعات کے معیار اور سلامتی کے بارے میں سوالات ہوں تو اپنے مقامی معیار اور انضباط محکمہ سے رابطہ کریں۔

**عالمی ماحولیاتی صحت اور سلامتی**– اگر آپ کے پاس کسی فزیکل سائٹ یا ممکنہ خطرات کے بارے میں سوالات ہوں تو عالمی ماحولیاتی صحت اور سلامتی کے نمائندے سے رابطہ کریں۔

**عالمی خریداری خدمات**– اگر آپ کے پاس فراہم کار کے تعلقات سے متعلق سوالات ہوں تو عالمی خریداری خدمات سے رابطہ کریں۔